© rasailojaraid.com

محترم پروفیسر عابد صدیق (بہاولپور)

## نعت رسول مقبول ﷺ

شوشۂ شینِ شقاوت، سبھی اعمال مرے
کششِ کافِ کرم، ایک شفاعت تیری

غرّۂ حُسنِ عمل ہو گا، جنہیں ہوتا ہے
میرا سرمایۂ امید ، محبت تیری

خیر، موجود دو عالم میں ترے نام سے ہے
ہے دو عالم پہ تنی چادرِ رحمت تیری

منصب امت کا، گواہی تری انسانوں پر
اور کرم تیرا ہے امت پہ شہادت تیری

تیرا مقصود ، عبادت فقط اللہ کی ہو
اور اللہ کو مطلوب ، اطاعت تیری

چار سو ہے تہہِ افلاک مدینہ تیرا
ہر طرف روئے زمیں پر ہے حکومت تیری

گونجتا ذکر ترا سبع سمٰوات میں ہے
ہفت اقلیم کا اعزاز نبوّت تیری

حیطۂ فیضِ نبوّت ز ازل تا بہ ابد
وسعتِ کون و مکاں بزمِ رسالت تیری

گمرہوں کے لئے ہے وقف تری دلسوزی
اہل ایماں کے لئے رافت و رحمت تیری

☆


فون بستانِ عائشہ: 511356
فون مدرسہ: 511961

**مدرسہ بستانِ عائشہ**

طالبات کی دینی تعلیم و تربیت کی عظیم درسگاہ

میں دو نئی درسگاہیں زیرِ تعمیر ہیں اہلِ خیر سے التماس ہے کہ اس کارِ خیر کی تکمیل کے لئے
فوری طور پر اپنے عطیات ارسال فرمائیں (جزاکم اللہ تعالیٰ)

ترسیل زر کے لئے:

بذریعہ منی آرڈر: سید عطاء المحسن بخاری، دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان

بذریعہ بینک ڈرافٹ یا چیک: سید عطاء المحسن بخاری اکاؤنٹ نمبر 29932 حبیب بینک حسین آگاہی ملتان




© rasailojaraid.com